2019年4月8日ジャング紙ラホール版2面

گرجا گھروں کو فول پروف سکیورٹی فراہم کرنے کی ہدایات

عبادت گاہ میں داخلے کیلئے جامع تلاشی، واک تھرو گیٹ اور میٹل ڈیٹیکٹر سے چیکنگ کی گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کی گرجا گھروں کو فول پروف سکیورٹی فراہم کرنے کی ہدایات دی گئیں، تمام ایس پیز اور ڈی ایس پیز گرجا گھروں کی سکیورٹی کو خود چیک کرتے رہے، شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر سکیورٹی ہائی الرٹ رہی، ڈولفن سکواڈ اور پولیس ریسپانس یونٹ کے اہلکار گرجا گھروں کے گردونواح میں موثر پٹرولنگ کو یقینی بنائی گئی، جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے سرچ آپریشنز کیا گیا، اتوار کے روز مسیحی برادری کی ایک بڑی تعداد مذہبی عبادات کیلئے مختلف گرجا گھروں کا رُخ کرتی ہے جس کی وجہ سے لاہور پولیس کی جانب سے تمام گرجا گھروں کی سکیورٹی انتہائی سخت رکھی گئی۔ چھوٹے بڑے گرجا گھروں کو اے پلس، اے، بی اور سی کیٹگریز میں تقسیم کرکے ان کی کیٹگریز کے حساب سے سکیورٹی اقدامات کیئے گئے۔ اے پلس اور اے کیٹگری کے گرجا گھروں کی چھتوں پر سنائپرز تعینات کیئے گئے ہیں جبکہ تمام کیٹگریز کے گرجا گھروں میں داخلے کیلئے جامع تلاشی، واک تھرو گیٹ اور میٹل ڈیٹیکٹر سے چیکنگ کی گئی، جبکہ ڈولفن اور پیرو کو بھی خاص طور پر ہدایات جاری کی گئیں کہ وہ ہر مشکوک افراد پر کڑی نظریں رکھیں گے تاکہ کسی بھی طرح کا کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہ ہوسکے۔